
بسم اللہ الرحمن الرحیم



# برکاتِ محافلِ درود پاک


تصنیف

فقیہِ عصر حضرتِ قبلہ مفتی محمد امین دامت برکاتہم العالیہ

آستانہ عالیہ محمد پورہ شریف، فیصل آباد


tablighulislam

PyaareNabiKiBaatain

تحریک تبلیغ الاسلام انٹرنیشنل

# خوابوں کے متعلق شرعی حکم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بشارات یعنی اچھے خوابوں کے بیان سے پہلے اچھے خوابوں کی شرعی حیثیت بیان کی جاتی ہے تا کہ پڑھنے والوں کو اطمینان حاصل ہو

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین و الصلوۃ والسلام علی حبیبہ رحمۃ للعالمین و علی آلہ و اصحابہ اجمعین.

اچھے خواب مبشرات میں سے ہیں قرآن مجید میں ہے:

---

لھم البشریٰ فی الحیاۃ الدنیا و فی الآخرۃ

یعنی ایمان والوں کے لئے بشارتیں (خوشخبریاں) ہیں دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔

اس آیت مبارکہ کی تفسیر میں وہ حدیث پاک بیان کی جاتی ہے جس کے راوی سیدنا عبادہ بن صامت صحابی رضی اللہ عنہ ہیں فرمایا میں

نے رسول اللہ سے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **لهم البشرى في الحياة الدنيا** سے کیا مراد ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اچھے خواب ہیں جو کہ مومن خود دیکھے یا اس کے متعلق کسی دوسرے کو دکھائے جائیں (تفسیر مظہری)

نیز سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **لم يبق من النبوة الا المبشرات** نبوت کے فیض سے اب صرف مبشرات باقی ہیں۔ صحابہ کرام نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ بشارتیں کیا ہیں تو فرمایا: **الرويا الصالحة يراها الرجل المسلم او ترى له.** یعنی وہ اچھے خواب ہیں جو مسلمان خود دیکھے یا اس کے متعلق کسی دوسرے کو دکھائے جائیں۔

جامع مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ فیصل آباد میں ہر جمعہ کے دن عصر کے بعد درود پاک کثرت سے پڑھا جاتا ہے جو کہ سالہا سال سے جاری ہے اس درود شریف کی محفل کے متعلق کچھ احباب نے

خواب دیکھے ہیں ان میں سے کچھ بیان کیئے جاتے ہیں تا کہ اس بیان کو پڑھ کر احباب کو ذوق اور شوق بڑھے اور وہ بھی دونوں جہاں کی سعادتیں حاصل کریں۔

ان ارید الا الاصلاح ما استطعت و ما توفیقی الا باللہ و هو حسبنا و نعم الوکیل.

ا

## نسرین بیگم کا خواب

نسرین بیگم نے اپنا خواب تحریر کر کے دیا ہے اس کا بیان ہے کہ رمضان المبارک کا مہینہ ہے ۔میں کہیں پھر رہی ہوں مجھے سرکار دو عالم ﷺ کی آواز مبارک آئی ہے سرکار ﷺ فرمارہے ہیں ''میں اس جگہ جاتا ہوں جہاں درود پاک زیادہ پڑھا جاتا ہے'' میں اور میری ہمسائی جامع مسجد گلزار مدینہ میں جاتے ہیں وہاں دیکھتی ہوں کہ بڑے بازار میں کچھ لوگ پانی کا چھڑکاؤ کر رہے ہیں اور کچھ

لوگ جھاڑو دے رہے ہیں میں ان سے پوچھتی ہوں کہ آج یہ صفائی کیوں ہورہی ہے؟ لوگ کہتے ہیں کیا تمہیں پتہ نہیں کہ آج یہاں مسجد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا رہے ہیں پھر جب میں مسجد کے گیٹ کے پاس آتی ہوں تو دیکھا کہ ایک آدمی جو غالباً قاری مسعود احمد صاحب ہیں ہاتھ اوپر کو اٹھا کر کچھ پڑھ رہا ہے اور خواب میں ہی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہیں یہ آدمی مجھے بہت اچھا لگتا ہے۔ الخ

خط ارسال کردہ عزیزہ نسرین بیگم

(نوٹ) باقی واقعات اس ضمن میں آتے ہیں کہ تاجدار مدینہ رحمت کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں وہاں جاتا ہوں جہاں درود پاک زیادہ پڑھا جاتا ہے تو چونکہ اس مسجد گلزار مدینہ فیصل آباد میں بحمدہ تعالیٰ درود پاک کثرت سے پڑھا جاتا ہے لہذا سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کی جلوہ گری ہوتی رہتی ہے آئندہ کے واقعات پڑھ کر اندازہ لگا سکتے ہیں۔ والحمد للہ رب العالمین

## حافظ محمود حسین شائق کا خواب

بتاریخ ۱۹ ربیع الاول شریف ۱۳۸۶ھ یکشنبہ کو حافظ محمود حسین شائق متعلم دارالعلوم امینیہ رضویہ محمد پورہ فیصل آباد نے بیان کیا، خبر آئی کہ سید دو عالم رحمت کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مسجد گلزار مدینہ دارالعلوم امینیہ رضویہ میں تشریف لا رہے ہیں ہم ہوائی اڈا فیصل آباد کی طرف چل دیئے جانے والوں میں مفتی محمد امین صاحب ،مولانا الحاج محمد حنیف صاحب ،مولانا ڈاکٹر محمد شریف صاحب اور دارالعلوم امینیہ رضویہ کے طلباء کرام اور کچھ محلّہ محمد پورہ کے نمازی ہیں جب ہم ائیر پورٹ پہنچے تو دیکھا ایک ہوائی جہاز اتر رہا ہے پھر معلوم ہوا کہ اس طیارے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہیں لائے اور ہم سب واپس لوٹ آئے اور جب ہم جامع مسجد گلزار مدینہ کے شرقی دروازے سے اندر داخل ہوئے تو دیکھا کہ

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم شمالی دروازے سے تشریف لا رہے ہیں اور دیکھا کہ ہر جگہ نور ہی نور ہے پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ٹوٹیوں والی چھت پر تشریف لے گئے وہاں ایک چارپائی بچھی تھی اس پر جلوہ گر ہو گئے تو استاد مفتی صاحب نے کہا میں اوپر جا کر پتہ کرتا ہوں کہ احباب کو زیارت کی اجازت ہے یا نہیں اور پھر جب آپ اور حاجی صاحب اور ڈاکٹر صاحب اوپر خدمت میں حاضر ہوئے تو سرکار علیہ السلام نے تینوں کو بالترتیب معانقہ کی سعادت بخشی پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم چارپائی پر جلوہ افروز ہو گئے اور آپ تینوں حضرات نیچے فرش پر بیٹھ گئے پھر جب آپ تینوں نیچے مسجد کے صحن میں آئے تو آپ نے کہا جاؤ زیارت کر لو اجازت ہے۔ پھر میں نے دیکھا کہ زیارت کرنے والوں سے محمد پورہ کی گلیاں بھی بھری ہوئی تھیں تو طالب علم اور احباب سیڑھی کے ذریعے اوپر حاضر ہو کر پشت مبارک کی طرف زیارت کرتے رہے سامنے اتنا نور تھا کہ کسی کو سامنے ہونے کی تاب نہ تھی پھر استاد مفتی صاحب نے کہا یہ مسجد کی بتیاں کیوں جل رہی

ہیں اب ان کی ضرورت نہیں ہے ان کو بجھا دو۔ بتیاں ٹیوبیں بجھا دی گئیں پھر بھی روشنی اتنی تھی کہ سورج و چاند کی روشنی مات ہو جائے پھر استاد مفتی صاحب نے کچھ بوتلیں اور فروٹ مٹھائیاں حاضر کیں تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیں ان چیزوں کے کھانے کی ضرورت نہیں۔ مفتی صاحب نے عرض کیا حضور ان چیزوں کو تبرک بنا دیں تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب چیزوں میں سے تھوڑا تھوڑا تناول فرمایا پھر جب استاد مفتی صاحب نیچے اترے تو کوٹلی والے قبلہ حضرت صاحب تشریف لائے اور تینوں بھائیوں کو مبارکباد دی۔ پھر آنکھ کھل گئی

حافظ محمود حسین شائق متعلم دارالعلوم امینیہ رضویہ محمد پورہ فیصل آباد

## الحاج چوہدری محمد عبداللہ کا خواب

بتاریخ ۱۴ ربیع الآخر ۱۴۰۸ھ چوہدری محمد عبد اللہ ساکن گلبرگ اے فیصل آباد نے اپنا خواب بیان کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک کو چار بزرگ روضہ انور کے اندر جا کر غسل دے رہے ہیں اور پھر دیکھا کہ جامع مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ روضہ انور کے ساتھ لگی ہوئی ہے اور جو غسل کا پانی روضہ انور سے نکلتا ہے وہ مسجد گلزار مدینہ کے صحن میں آرہا ہے پھر میں نے رسول اکرم رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان سنا کہ اس پانی سے اس مسجد گلزار مدینہ کو بھی غسل دے دو پھر آنکھ کھل گئی۔

چوہدری محمد عبداللہ ساکن گلبرگ اے فیصل آباد

الحمد للہ رب العالمین اس مسجد گلزار مدینہ کو شرف درود پاک کی برکت سے عطا ہوا۔ (ابوسعید غفرلہ)

## عزیزہ عائشہ افضل کا خواب

ماہ محرم ۱۴۱۰ھ میری پوتی عائشہ افضل نے بیان کیا مسجد گلزار مدینہ میں جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد درود شریف کی محفل ہوتی ہے مرد مسجد میں بیٹھتے ہیں اور عورتیں اوپر چھت پر بیٹھ کر درود پاک پڑھتی ہیں میں بھی ان میں بیٹھ کر درود شریف پڑھ رہی تھی کہ یکا یک میری آنکھیں بند ہوگئیں اور پردے اٹھ گئے کیا دیکھتی ہوں کہ امت کے والی صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے ہیں اور درود پاک پڑھنے والوں کو خوش ہو کر دیکھ رہے ہیں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم آگے محراب کی طرف تشریف لے گئے اور مسجد میں منبر رکھا ہوا تھا اس منبر پر جلوہ افروز ہوگئے اور سب درود شریف پڑھنے والوں کو دیکھ دیکھ کر خوش ہو رہے ہیں پھر دیکھا کہ ایک نمازی زور زور سے حق ھو کے نعرے لگا رہا ہے اور شاہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم اس کو دیکھ کر بھی خوش

ہو رہے ہیں پھر میں نے دیکھا کہ میرے بابا جی (ابوسعید غفرلہ) بیٹھے ہیں اور بخار کا عارضہ ہے تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے بابا جی بیمار ہیں ان پر کرم فرمائیں تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ پڑھ کر میرے بابا جی کو تین پھونکیں لگائیں۔

زاں بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم سیدھے اوپر آسمان کی طرف تشریف لے گئے۔ والحمدللہ رب العالمین

۵

## الحاج محترم سید عبداللہ شاہ صاحب بخاری کا خواب

یکم نومبر ۱۹۹۷ء کو نشاط آباد سے محترم سید عبداللہ شاہ صاحب تشریف لائے اور نماز عصر جامع مسجد گلزار مدینہ میں ادا کی نماز کے بعد بیان فرمایا کہ میں سنت فجر پڑھ کر بیٹھا تھا کہ آنکھیں بند ہو گئیں اور دیکھا کہ مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ بہت وسیع ہو گئی ہے اور آپ (ابوسعید غفرلہ) منبر پر بیٹھ کر خطاب کر رہے ہیں پھر آنکھ کھل گئی۔

(نوٹ) اب یہ مسجد بحمدہ تعالیٰ کافی وسیع ہوگئی ہے

**والحمد لله رب العالمين و صلى الله تعالیٰ على حبيبه سيد العالمين و على آله و اصحابه اجمعين .**

٦

## عزیزم کاشف جاوید کا خواب

۱۰ جولائی ۱۹۹۷ء میرے پاس عزیزم کاشف جاوید، محمد پورہ گلی نمبر ۲ سے آئے اور اپنا خواب بیان کیا، کہا میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ آیا ہوں جمعہ کا دن تھا اور میں نماز عصر کے بعد والی درود پاک کی محفل میں شرکت کے لئے آیا ہوں میں نے دیکھا کہ درود پاک والے کپڑے نہیں بچھائے گئے اور آپ (ابوسعید غفرلہ) وضو کی جگہ مسواک کر رہے ہیں میں نے آپ کے پاس حاضر ہو کر آپ سے پوچھا کیا آج درود پاک کی محفل نہیں ہوگی آج کپڑے نہیں بچھے تو آپ نے فرمایا آج کی درود پاک کی محفل

جنت میں ہوگی میں نے پوچھا ہم جنت میں کیسے جائیں گے تو آپ نے فرمایا لو دیکھو جنت سے سیڑھی آگئی ہے میں نے مسجد کے دروازے کی طرف دیکھا تو ایسی پیاری اور خوبصورت سیڑھی ہے کہ میں دیکھتا ہی رہ گیا اور وہ سیڑھی آسمان تک ہے پھر اچانک دیکھا کہ اس سیڑھی پر سے ایک سفید پوش بزرگ نیچے تشریف لائے اور آتے ہی فرمایا: قاری مسعود صاحب کو بلاؤ۔ ابھی کوئی بلانے کے لئے روانہ نہ ہوا تھا کہ قاری مسعود صاحب حاضر ہو گئے اور اس بزرگ نے قاری صاحب کو سینے سے لگا لیا اور اپنا ہاتھ مبارک قاری صاحب کے کندھوں پر رکھا اور آپ سے فرمایا: کہ میں قاری صاحب کو جنت لے جا رہا ہوں اور آپ اپنے عقیدت مندوں کو لے کر جنت چلے آئیں پھر دیکھا کہ آپ کے متوسلین سیڑھی پر چڑھ رہے ہیں میں نے پوچھا یہ لوگ کہاں جا رہے ہیں تو آپ نے کہا جلدی کرو بھاگو اور سیڑھی پر چڑھ جاؤ۔ میں نے چڑھنا شروع کر دیا اور جب آخری سیڑھی پر قدم رکھا تو دیکھا کہ آگے ایک بہت بڑا باغ ہے جو کہ نہایت خوبصورت

ہے اور خوشبوئیں آ رہی ہیں پھر حکم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سب کو سلام ہو پھر میں نے وہاں ایک بہت بڑی دودھ کی نہر دیکھی تو آنکھ کھل گئی۔ فقط

محمد کاشف جاوید، محمد پورہ گلی نمبر۲، فیصل آباد

۱۰ جولائی ۱۹۹۷ء

۷

## عائشہ افضل کا دوسرا خواب

بتاریخ ۱۰ صفر المظفر ۱۴۱۱ھ عائشہ افضل سلمہا نے بیان کیا کہ جمعہ کے دن جامع مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ میں نمازی اکٹھے بیٹھ کر درود پاک پڑھتے ہیں اور خواتین مدرسۃ البنات امینیہ رضویہ میں (جو کہ مسجد کے ساتھ ہی ملحق ہے) بیٹھ کر درود شریف پڑھتی ہیں میں بھی ان خواتین کے ساتھ بیٹھ کر درود شریف پڑھ رہی ہوں دل میں یہ ارمان لئے ہوئے کہ کاش آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار

نصیب ہو جائے اسی شوق میں آنسو بہہ رہے تھے کہ اچانک آنکھیں بند ہوگئیں کیا دیکھتی ہوں کہ قبلہ کی طرف سے تین نورانی بزرگ تشریف لا رہے ہیں اور وہ ہوا میں پرواز کرتے آرہے ہیں جب وہ نیچے مسجد گلزار مدینہ میں جلوہ افروز ہوئے تو ان کے چہروں کی روشنی سے ساری مسجد جگمگ کر اٹھی حتیٰ کہ درود پاک پڑھنے والوں کے لباس اور چہرے بھی نورونور ہو گئے۔

وہ تینوں حضرات مسجد گلزار مدینہ کے اندر ہال میں تشریف لائے ان میں سے ایک بزرگ منبر پر جلوہ افروز ہو گئے اور باقی دونوں منبر کے دائیں بائیں کھڑے ہو گئے میرے دل نے کہا جو منبر پر جلوہ افروز ہیں یہ امت کے والی حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور دائیں طرف سیدنا صدیق اکبر اور بائیں طرف سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں اتنے میں آسمان سے رحمت کی بارش شروع ہو گئی موٹے موٹے نور کے قطرے درود شریف پڑھنے والوں پر برس رہے ہیں اور یوں محسوس ہو رہا ہے کہ رحمت اور نور کی بارش سے ہر طرف نور ہی

نور پھیل گیا ہے۔

زاں بعد میں نے دیکھا کہ میرے بابا جی (فقیر ابوسعید غفرلہ) اندر مسجد میں حاضر ہوئے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو گلے سے لگایا اور بہت خوش ہوئے پھر وہ معزز مہمان تشریف لے گئے اور آنکھ کھل گئی۔

والحمد لله رب العالمين

٨

## سلطان ندیم احمد کا خواب

بتاریخ ۲۷ رمضان المبارک ۱۴۱۳ھ رات جامع مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ میں نماز تسبیح حافظ محمد حبیب امجد صاحب نے پڑھائی نماز کے بعد مولانا حبیب امجد صاحب نے دعاء شروع کی دعاء کے دوران سلطان ندیم احمد (ساکن رحمان پورہ جو کہ اسی مسجد شریف کے معتکف تھے) انہوں نے بیان کیا کہ جب دعاء شروع ہوئی تو مجھ پر غنودگی

طاری ہوگئی اسی دوران دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر تشریف لائے ہیں اور سرکار کے دائیں بائیں دو فرشتے ہیں اور جب تک مولانا محمد حبیب امجد صاحب دعاء مانگتے رہے اس وقت تک سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم بھی دعاء مانگتے رہے دعاء جب ختم ہوئی میرے کان میں آواز آئی کہ اس مسجد میں درود شریف بہت پڑھا جاتا ہے مفتی صاحب کو ہمارا سلام کہہ دینا اور کہنا کہ درود پاک کی اشاعت کے لئے اور زیادہ کوشش کریں پھر سرکار تشریف لے گئے۔

فقط

بیان سلطان ندیم احمد ساکن رحمان پورہ گلی نمبر ۲ فیصل آباد

۲۸ رمضان المبارک ۱۴۱۳ھ

۹

## شیخ محمد عامر کا خواب

بتاریخ ۱۲ ربیع الاول شریف ۱۴۱۵ھ بمطابق ۲۱ اگست ۱۹۹۴ء

بروز یکشنبہ عزیزم شیخ محمد عامر ولد شیخ گلزار احمد ساکن گلبرگ نے اپنا خواب بیان کیا جو کہ مندرجہ ذیل ہے۔

کہا کہ میرا والد چونکہ دوسرے عقیدہ کا ہے اس نے مجھے رات جامع مسجد گلزار مدینہ نہیں آنے دیا جس وجہ سے میں بہت آزردہ ہوا اسی حالت میں سو گیا خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں جامع مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ میں نماز کے لئے جا رہا ہوں وہاں دیکھا کہ مسجد بہت زیادہ سجائی گئی ہے، نہایت ہی خوبصورت ہے پھر میری ملاقات قاری مسعود صاحب سے ہوئی میں نے قاری صاحب سے پوچھا کہ مسجد کس لئے سجائی گئی ہے تو قاری صاحب نے بتایا کہ مسجد میں حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہوئے ہیں میں خوشی خوشی مسجد کے اندر گیا تو دیکھا کہ آقائے دو جہاں ﷺ محراب کے قریب تشریف فرما ہیں اور میرے حضرت صاحب (ابو سعید غفرلہ) اور مولانا محمد سعید صاحب حضور کے قریب بیٹھے ہیں، میں آگے بڑھا اور دست بوسی کی سرکار نے مجھے پیار دیا پھر میں نے دیکھا تو مسجد میں بہت زیادہ نور

تھا پھر مولانا محمد سعید صاحب نے کتاب آب کوثر نکال کر حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کی تو سرکار ﷺ نے بڑی محبت سے کتاب پر ہاتھ مبارک پھیرا اور کتاب کو سینے مبارک کے ساتھ لگا کر فرمایا یہ کتاب بہت اچھی ہے اور پھر حضرت صاحب (ابوسعید غفرلہ) کے کندھے پر ہاتھ مبارک رکھ دیا اور دعا فرمائی پھر حضرت صاحب نے حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کی حضور کمرے میں تشریف لے چلیں سرکار ﷺ اٹھے تو میں بھی ساتھ ہولیا پھر اچانک میری والدہ نے مجھے جگا دیا اور میری آنکھ کھل گئی۔

محمد عامر، گلبرگ اے فیصل آباد

۱۰

## مولوی عبدالبصیر افغانی کا خواب

بتاریخ ۷ جمادی آخرہ ۱۴۰۷ھ مولانا سید محبوب شاہ صاحب مجاہد افغانی نے بیان کیا کہ کوئٹہ میں ایک زخمی مجاہد مولوی عبدالبصیر

صاحب نے اپنا خواب بیان کیا کہ مجھے جمعہ کی رات کوئٹہ کے
ہسپتال میں خواب آیا وہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمع
خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم تشریف لا رہے ہیں اور دیکھا کہ کافی
تعداد میں مجاہدین جو کہ مسلح ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کا
استقبال اسلحہ کے ساتھ کر رہے ہیں اور جب سرکار ﷺ تشریف لے
آئے تو میں نے عرض کیا سرکار تشریف رکھیں تو سرکار ﷺ نے فرمایا:
تم بیٹھو مجھے ابھی فیصل آباد مدرسہ امینیہ رضویہ محمد پورہ جانا ہے پھر
واپس آؤنگا میں نے عرض کیا حضور پھر تشریف لائیں گے؟ تو فرمایا
میں نے اس مدرسہ میں جانا ہے پھر آنا ہے پھر جانا ہے آنا ہے اس پر
آنکھ کھل گئی۔

(نوٹ) مولانا سید محبوب شاہ صاحب نے فرمایا: اس خواب کے بعد
جب میں نے مولوی عبدالبصیر صاحب سے ملاقات کی ملتے ہی مولوی
صاحب نے مجھ سے پوچھا کہ مدرسہ امینیہ رضویہ کدھر ہے کیونکہ وہ
مولوی صاحب اس مدرسہ کے نام کو نہیں جانتے تھے میں نے بتایا کہ

یہ مدرسہ فیصل آباد میں ہے زاں بعد انہوں نے مجھے مندرجہ بالا خواب سنایا۔ والحمد للہ رب العالمین

## ۱۱

## محمد یوسف فتح دین کا خواب

بتاریخ ۹ شوال المکرّم ۱۴۰۲ھ بمطابق ۳۱ جولائی ۱۹۸۲ء بروز جمعہ چک ۲۲۴ فتح دین والی فیصل آباد سے مسمیٰ محمد یوسف صاحب آئے جبکہ فقیر جمعہ کی تیاری کر رہا تھا، سر پر عمامہ باندھ رہا تھا محمد یوسف صاحب نے آتے ہی سوال کیا کہ کیا آپ نے کوئی کتاب درود پاک کے متعلق لکھی ہے؟ فقیر نے کہا ہاں لکھی ہے اور اسی وقت الماری سے کتاب آب کوثر نکال کر محمد یوسف کے ہاتھوں میں دے دی محمد یوسف صاحب نے کتاب کو بوسہ دیا اور کہا کہ میرے سامنے یہ درود پاک کی برکت والی کتاب ہے میں سچ سچ بیان کر رہا ہوں کہ آج ہی رات جو کہ جمعہ کی رات تھی مجھے شاہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب

ہوئی ہے ۔سرکار نبی اکرم ﷺ مدینہ پاک میں ہیں اور ریگستان ہے وہاں ریت پر ہی ایک نہایت چمکدار خوبصورت کپڑا اچھا ہوا ہے اس پر سرکار ﷺ جلوہ گر ہیں تھوڑی سی گفتگو کے بعد فرمایا کہ: مفتی محمد امین نے ایک کتاب درود شریف کے متعلق لکھی ہے، نیز فرمایا کہ وہ کتاب ہمارے شہر میں بھی پہنچ گئی ہے پھر فرمایا کہ اس کو ہمارا سلام کہہ دینا اس کی مسجد میں درود بہت زیادہ پڑھا جاتا ہے پھر آنکھ کھل گئی۔

الحمد لله رب العالمين و الصلاة و السلام على حبيبه سيد العالمين و على آله و اصحابه اجمعين .

۱۲

## غلام مصطفیٰ بن عبدالرحمان کا خواب

بتاریخ ۲۱ ذوالقعدہ ۱۴۱۹ھ بمطابق ۱۰ مارچ ۱۹۹۹ء بروز بدھ ملک عبدالرحمٰن کی اہلیہ آئی اور بیان کیا کہ میرے بیٹے غلام مصطفیٰ کو خواب آیا ہے اور اس نے مجھے بھیجا ہے کہ امی جی جا کر حضرت

صاحب (ابوسعید غفرلہ) کو خواب سنا کر آؤ،

خواب مندرجہ ذیل ہے، مجھے (غلام مصطفیٰ) کو خواب آیا ہے کہ جامع مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ میں سٹیج لگا ہوا ہے اس پر حضرت صاحب (فقیر ابوسعید غفرلہ) بیٹھے ہیں اور سٹیج پر کافی حضرات اولیاء کرام نقاب پوش تشریف فرما ہیں میں نیچے بیٹھا ہوں اور یوں محسوس ہو رہا ہے کہ میرے پیچھے کافی لوگ بیٹھے ہیں تو اچانک آپ نے روئے سخن میری طرف کیا اور فرمایا: یہ حضرات جو اسٹیج پر تشریف فرما ہیں سب اولیاء کرام ہیں پھر آپ نے سب کا تعارف کرانا شروع کر دیا فرمایا یہ حضرت داتا گنج بخش قدس سرہ ہیں یہ فلاں زمانہ میں ہوئے ہیں یوں آپ نے ایک ایک کر کے سب کا تعارف کروایا اور سارے اولیاء کرام خوش ہو رہے ہیں۔اس پر آنکھ کھل گئی۔

اززبان والدہ غلام مصطفیٰ بن عبدالرحمٰن، راجہ ٹاؤن فیصل آباد

## حافظ محمد صابر صاحب کا خواب

۱۴ اگست ۲۰۰۲ء مفتی آباد نزد کھڑیانوالہ ادارہ تبلیغ الاسلام حافظ محمد صابر نے خواب دیکھا جو کہ مندرجہ ذیل ہے

بیان کیا کہ چونکہ یوم آزادی کو چھٹی ہوتی ہے میں نماز پڑھ کر سو گیا اور خواب میں دیکھا ادارہ تبلیغ الاسلام کی مسجد میں جمعہ کے دن کی محفل ہے جو کہ نماز عصر کے بعد ہوا کرتی ہے اور احباب اکٹھے ہو کر درود پاک پڑھتے ہیں محفل کے ختم ہونے کے بعد آپ (ابوسعید غفرلہ) کھڑے ہو کر کچھ بیان کر رہے ہیں میں نے دیکھا کہ مشرق کی طرف سے رحمت کائنات ﷺ صحابہ کرام کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں۔ فرمایا: اے میرے صحابہ آؤ یہ عاشقوں کی محفل ہے اس محفل میں شریک ہو جائیں پھر میں نے دیکھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک پر تاج ہے جو کہ کافی اونچا ہے اور جب سرکار

صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہونے لگے تو مسجد کی چھت کافی اونچی ہوگئی اور سرکار اندر تشریف لائے تو آپ (ابوسعید غفرلہ) اٹھ کر کھڑے ہوگئے اور استقبال کیا اس پر رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آپ بیان کریں پھر میں نے دیکھا کہ مسجد کے باہر سارا صحن فرشتوں سے بھرا ہوا ہے فرشتوں نے سفید لباس پہنا ہوا ہے پھر سرکار تشریف لے گئے اور میری آنکھ کھل گئی۔

و الحمد لله رب العالمین و صلی الله تعالیٰ علی حبیبه سید العالمین و علی آله و اصحابه اجمعین

۱۴

## محمد رضوان کی بشارت

آج سے چند سال قبل جمعہ کے دن عصر کے بعد والی درود پاک کی محفل میں شرکت کے لئے فقیر ابوسعید غفرلہ خضراء مسجد پیپلز کالونی میں جایا کرتا تھا ایک دن محمد رضوان سلمہ جو کہ پیپلز کالونی کے

رہائشی تھے جواب ملازمت کے سلسلہ میں لاہور منتقل ہو گئے ہیں۔
محمد رضوان موصوف نے بتایا کہ ایک دن جبکہ درود پاک کی محفل جاری تھی مسجد میں کپڑے بچھے ہوئے تھے اور کافی حضرات بیٹھے درود شریف پڑھ رہے تھے میں نے دیکھا کہ مسجد کے شرقی گیٹ سے حبیب خدا شاہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم اندر تشریف لائے اور صحن کے قریب آ کر کھڑے ہو کر درود پاک پڑھنے والوں کو دیکھ کر خوش ہو رہے تھے اور تھوڑی دیر بعد تشریف لے گئے۔

و الحمد للہ رب العالمین و صلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ سیدالعالمین و علی آلہ و اصحابہ اجمعین .

۱۵

## شیخ محمد سعید کا خواب

بتاریخ ۱۶ رجب ۱۴۱۸ھ بمطابق ۷ نومبر ۱۹۹۷ء بروز جمعہ مبارکہ شیخ محمد سعید بن الحاج شیخ عبدالمجید مرحوم نے تحریرا بیان کیا کہ

میں نے خواب میں دیکھا بہت سارے لوگ مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ میں قطار میں بیٹھے ہیں اور آپ (ابوسعید غفرلہ) سب کو پانی پلا رہے ہیں میں نے آپ سے پوچھا کہ یہ پانی کیسا ہے؟ تو آپ نے بتایا کہ یہ حوض کوثر کا پانی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو لوگ محمد پورہ کی مسجد گلزار مدینہ میں درود پاک پڑھنے کے لئے آتے ہیں قیامت کے دن میں اپنے مفتی کو پانی دوں گا وہ اپنے ہاتھ سے اس مسجد میں آنے والوں کو پانی پلائیں گے۔ فقط

## شیخ محمد سعید موصوف کا دوسرا خواب

بیان کیا کہ میں نے دیکھا محشر کا میدان ہے اور عرش الٰہی کے نیچے کپڑے بچھے ہوئے ہیں جیسے جامع مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ میں جمعہ کے دن درود پاک پڑھنے کے لئے بچھائے جاتے ہیں اور لوگ بیٹھ کر درود شریف پڑھ رہے ہیں اور آنکھ کھل گئی۔

## غلام نبی بن الحاج مولانا محمد حنیف صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا خواب

۱۳ اپریل ۲۰۰۲ء بروز ہفتہ غلام نبی صاحب موصوف مفتی آباد ادارہ تبلیغ الاسلام میں آئے اور اپنا خواب بیان کیا کہ مجھے سید دو عالم رحمت کائنات ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی ہے سرکار حبیب خدا ﷺ نے سفید لباس اور سفید عمامہ شریف زیب تن کیا ہوا ہے، ہونٹ مبارک سرخ ہیں۔ رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطاب فرمایا اور فرمایا میں ہی آخری نبی ہوں نیز فرمایا: میں درود پاک کی محفلوں میں جاتا ہوں کھڑیانوالہ ادارہ تبلیغ الاسلام میں جو جمعہ کے دن عصر کے بعد محفل ہوتی ہے میں اس میں بھی جاتا ہوں۔

(نوٹ) یہ خواب مجھے جمعہ کی رات کو آیا تھا

والسلام

غلام نبی افغان آباد فیصل آباد

۱۷

## شیخ محمد عامر ساکن گلبرگ اے فیصل آباد کا دوسرا خواب

مورخہ ۲۳ جون ۱۹۹۵ء، ۴ محرم ۱۴۱۶ھ بروز جمعۃ المبارک کو میں مسجد غوثیہ گوبند پورہ سے عشاء کی نماز پڑھ کر نکلا تو راستے میں عشق و مستی میں ڈوب کر کچھ اشعار پڑھتا آرہا تھا اور گھر آ کر سو گیا اور تقریباً دس بجے خواب میں دیکھا کہ جامع مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ میں آیا ہوں اندر گیا تو حافظ شہباز صاحب ملے جب کہ نماز عصر کے بعد والی جمعہ کے دن کی محفل سجی ہوئی تھی میں نے حافظ شہباز صاحب سے پوچھا کہ کیا بات ہے؟ انہوں نے بتایا کہ رحمت کائنات ﷺ تشریف لائے ہوئے ہیں اور میں نے دیکھا سرکار ﷺ محراب کے قریب جلوہ فرما ہیں ۔دائیں طرف آپ (ابوسعید غفرلہ) ہیں اور بائیں طرف قاری مسعود احمد صاحب ہیں اور ان کے ساتھ سلطانی صاحب ہیں میں نے آگے بڑھ کر سلام عرض کیا اور دست بوسی کی تو سرکار

ﷺ نے میرے سر پر دست شفقت پھیرا نیز دیکھا کہ ہر طرف خوشبو پھیلی ہوئی ہے نیز سرکار ﷺ نے فرمایا آپ نے دو کتابیں آب کوثر اور البرھان لکھی ہیں یہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو سعادت بخشی ہے اور آپ کو انعام دیا ہے اس کی جزا اللہ تعالیٰ آپ کو قیامت کے دن عطا فرمائے گا نیز فرمایا کہ: آپ نے مسجد خضراء میں درود پاک شروع کر دیا ہے یہ بہت اچھا کیا ہے۔اور پھر سرکار ﷺ نے آپ کی پشت پر شفقت اور رحمت کا ہاتھ پھیرا اور شاباش دی اس وقت آپ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ یہاں مسجد گلزار مدینہ میں درود پاک پڑھنے والوں کے لئے جگہ بہت کم ہے یہ سن کر سرکار ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کرم کرے گا پھر سرکار ﷺ آپ کے ساتھ کمرہ میں تشریف لے گئے اور پیچھے پیچھے قاری مسعود صاحب اور سلطانی صاحب بھی کمرہ میں داخل ہو گئے زاں بعد حافظ شہباز صاحب نے کہا احباب یہیں بیٹھیں کیونکہ سرکار ﷺ نے کوئی خاص بات حضرت صاحب سے کرنی ہے اس پر آنکھ کھل گئی۔

شیخ محمد عامر، گلبرگ اے فیصل آباد

(عرض) الحمدللہ رب العالمین سرکار ﷺ کے فرمان کہ "اللہ کرم کرے گا" کے مطابق کرم ہو ہی گیا ہے کہ مسجد وسیع ہو گئی ہے، تہہ خانہ بھی بن گیا اب ہزاروں کے درود پاک پڑھنے کی گنجائش ہو گئی ہے

شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا

۱۸

## معلّمہ خالدہ بی بی کا خواب

مورخہ ۵ ذوالقعدہ ۱۴۳۲ھ بمطابق ۴ اکتوبر جڑانوالہ سے خالدہ بی بی معلّمہ آئی اور اپنا تحریر شدہ خواب سنایا کہ میں رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں اعتکاف بیٹھی تھی رات کے ایک بجے نماز تسبیح ادا کی زاں بعد درودوسلام کے ذکر میں مشغول تھی کہ بجلی بند ہو گئی میں بیٹھی تھی کہ آنکھیں بند ہو گئیں اور دیکھا کہ مدینہ منورہ میں ہوں اور جبل احد چاروں طرف سے سجا ہوا ہے اور صدا بلند ہو رہی ہے کہ مفتی محمد امین کی تاج پوشی کے لئے سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا

رہے ہیں اور دیکھا کہ احد پہاڑ کے چاروں کنارے درود شریف پڑھنے والے قطار در قطار نظر آرہے ہیں اور جس راستے پر آپ کو تاج پوشی کے لئے لایا جارہا تھا وہاں سے دیکھا کہ احد پہاڑ کی چوٹی پر ایک تخت نہایت حسین بہت خوبصورت سجا ہوا تھا وہاں آپ کو کھڑا کر دیا جاتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کا انتظار ہو رہا ہے پھر دیکھا کہ وہاں قریب ہی سے سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے سر پر ایک نورانی تاج اپنے مبارک ہاتھوں سے سجا دیا اور فرمایا کہ میرے محمد امین نے جتنا درود شریف پڑھ کر میری بارگاہ میں پہنچایا ہے اور جتنے لوگوں کو درود شریف پر لگایا ہے میں نے ان سب کی بخشش کرا دی ہے اور لوگ جبل احد پر زمین سے لے کر چوٹی تک ہیں کوئی جگہ خالی نہیں ہے۔

پھر مجھے سخت پیاس لگی جس نے مجھے نڈھال کر دیا تو میں آپ سے عرض کرتی ہوں کہ مجھے سخت پیاس لگ رہی ہے مجھے کہیں پانی نظر نہیں آتا۔تو آپ نے سید العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں

یہ معاملہ عرض کر دیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا محمد امین شرماتے کیوں ہو؟ پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو ایک صراحی نما برتن عطا کیا جس میں آب کوثر تھا آپ نے سب کو وہ پانی پلایا میں نے بھی پیا۔اور جو تاج سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے سر پر سجایا اس کے موتیوں کا نور پورے جبل احد پر پڑ رہا ہے۔

خالدہ بی بی ،معلّمہ جڑانوالہ

۱۹

## محفل درود پاک کی برکت سے دنیاوی انعامات

مجھے عزیزم الحاج میاں محمد خالد صاحب نے از زبان محمد شاہد مکہ نائلون سنٹر جناح کالونی کا واقعہ سنایا تو میں نے کہا میری ان کے ساتھ ملاقات کراؤ تاکہ میں خود ان سے واقعہ سنوں۔

پھر جب میری ان کے ساتھ ملاقات ہوئی تو میرے استفسار پر محمد شاہد سلمہ نے واقعہ سنایا کہ میں باقاعدہ درود پاک کی محفل میں جو

کہ ہر جمعہ کو مسجد گلزار مدینہ میں نماز عصر کے بعد منعقد ہوتی ہے
شریک ہوتا رہا لیکن کچھ عرصہ بعد نفس کے بہکانے سے میرا درود پاک
کی محفل میں شریک ہونا چھوٹ گیا۔

زاں بعد ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ میں نے ہفتہ کے دن کسی کے
سات لاکھ روپئے دینے تھے لیکن میرے پاس پیسے نہیں تھے اور نہ ہی
کوئی سبب بن رہا تھا میں بہت پریشان ہوا کہ کیا بنے گا پھر سوچنے لگا
کہ یہ پریشانی کیوں آئی ہے سوچتے ہوئے اس نتیجے پر پہنچا کہ درود
پاک کی محفل چھوڑ دینے کی وجہ سے یہ پریشانی آئی ہے اور یہ جمعرات
کا دن تھا تو میں نے اپنے ساتھ وعدہ کیا کہ آئندہ محفل نہیں چھوڑوں گا

دوسرے دن جمعہ کا دن تھا میں وضو کر کے مسجد گلزار مدینہ میں
پہنچا محفل کے اختتام پر دعا ہوئی اور میں فارغ ہو کر واپس آیا اور ہفتے
کے دن گھر سے وضوء کیا اور درود پاک پڑھتے ہوئے دکان پر
پہنچا دوکان کھولی اور درود شریف پڑھتا رہا خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ نماز
ظہر سے پہلے پہلے میری دوکان پر سات لاکھ روپے آ گئے۔ اللہ تعالی

کا شکرادا کیا کہ آئندہ محفل درود پاک میں ضرور شریک ہو کروں گا

فقط

محمد شاہد، مکہ نائلون سنٹر جناح کالونی فیصل آباد

۲۰

## محترم رفاقت علی ولد رحمت علی صاحب کی تحریر

جناب حضور مفتی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

جناب مفتی صاحب میں تقریباً بارہ تیرہ سال سے جامع مسجد گلزار مدینہ محمد پورہ میں حاضر ہوتا رہتا تھا اور کثرت کے ساتھ درود پاک پڑھتا رہتا تھا لیکن نفس کی شامت کہ مجھ سے درود پاک کی محفل میں شرکت چھوٹ گئی تو میرے حالات گردش میں آ گئے میرا کاروبار ٹھپ ہو گیا اور میرا ذاتی مکان بھی بک گیا پھر میں ایک دن درود پاک کی محفل میں شریک ہوا اور آپ نے درود پاک کے فضائل بیان کئے

تو میں نے محفل میں شرکت اور درود پاک کی کثرت کو تھام لیا

الحمدللہ صرف چار ماہ کے عرصہ میں کاروبار ٹھیک ہو گیا میرا بیس لاکھ کا قرضہ بھی اتر گیا اور میں نے وہی اپنا ذاتی مکان ڈبل قیمت پر خرید لیا ہے ۔ میری آخر میں دعا ہے کہ رب کریم قبلہ مفتی صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی عمر میں برکت دے کہ آپ جیسے بزرگوں نے اس پرفتن دور میں لوگوں کے دلوں میں عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شمع کو روشن فرمایا۔

اللہ تعالیٰ آپ کا فیض تا قیامت جاری وساری رکھے۔ آمین

اور ہم سب کو زیادہ سے زیادہ درود پاک پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے

(آمین)

ملک رفاقت علی ولد رحمت علی نزد دربار بابا نور شاہ ولی

۱۰ فروری ۲۰۰۲ء

## درود پاک کی محفل میں شرکت سے لوٹی ہوئی ٹیکسی مل گئی

آج سے چند سال قبل مفتی آباد نزد کھرڑیانوالہ میں ایک صاحب آئے اور اپنی آپ بیتی سنائی کہ میں ایک ٹیکسی ڈرائیور ہوں میری اپنی ٹیکسی تھی ایک دن عشاء کے بعد چار آدمی میرے گھر آئے اور کہا کہ فلاں ہسپتال میں ہمارا ایک مریض ہے ہم نے اس کی بیمار پرسی کے لئے جانا ہے بتاؤ کتنے پیسے لوگے؟ کرایہ طے ہونے کے بعد وہ چاروں سوار ہو گئے اور جب ہم نہر کے کنارے جا رہے تھے انہوں نے پستول نکال لیا اور مجھے ٹیکسی سے نیچے اتار کر ٹیکسی لے کر فرار ہو گئے میں بہت پریشان ہوں کیونکہ میرا وہی روزگار تھا میں نے اس کو محمد پورہ جامع مسجد گلزار مدینہ میں درود پاک کے چند واقعات سنائے اور کہا آپ بھی اس محفل میں شرکت کیا کریں ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ کرم کر دے وہ صاحب خاموشی سے اٹھ کر چلے گئے اور پھر چند ماہ بعد

میرے پاس مفتی آباد میں پہنچے جب کہ میرے پاس کچھ اور احباب بھی بیٹھے تھے اور کہا آپ یہ چابی لیں اور گاڑی کو اسٹارٹ کردیں میں خوشی خوشی اٹھا ،احباب کو ساتھ لیا اور ٹیکسی کے پاس پہنچ کر اسے اسٹارٹ کیا، پھر اس نے احباب کو بتایا کہ چند ماہ پہلے میں یہاں آیا تھا اور ماجرہ بیان کیا تھا انہوں نے محمد پورہ کی درود پاک کی محفل کی رغبت دلائی میں باقاعدگی سے شریک ہوتا رہا ایک رات میں نے گھر کا دروازہ کھولا تو دیکھا کہ وہ ٹیکسی میرے دروازے پر کھڑی ہے اور وہ ٹیکسی یہ ہے۔ فقط

والحمدللہ رب العالمین

## ۲۲

## درود پاک کی محفل میں شرکت سے چھینا ہوا موٹر سائیکل مل گیا

جب میں نے مندرجہ بالا ٹیکسی والا واقعہ محفل میں سنایا تو

عزیزم عسکری صاحب اٹھ کھڑے ہوئے اور انہوں نے واقعہ سنایا کہ میں اسٹیشن والی مسجد میں جمعہ پڑھایا کرتا ہوں ایک دن جب جمعہ سے فارغ ہو کر باہر نکلا تو ایک کلرک بنام محمد شہباز مجھ سے ملا اور کہا میں نے نیا موٹر سائیکل خریدا تھا لیکن وہ موٹر سائیکل ڈاکو چھین کر لے گئے ہیں، میں نے اس سے کہا آپ مفتی آباد درود پاک کی محفل میں شریک ہوا کریں وہ چند محفلیں شریک ہوتا رہا۔

ایک دن اس نے بتایا کہ میں رات گھر کے دروازے سے باہر نکلا تو میرا موٹر سائیکل کھڑا تھا میں حیران بھی ہوا اور خوش بھی ہوا یہ برکت درود پاک کی محفل کی ہے۔

یہ واقعہ سن کر میں نے عسکری صاحب سے کہا اس کلرک کو لاؤ میں نے اس سے تصدیق کرنی ہے عسکری صاحب نے بتایا اس کا تبادلہ اب لاہور ہو گیا ہے یہ سن کر میں خاموش ہو گیا لیکن چند جمعے گزرے کہ عسکری صاحب اس کلرک شہباز کو لے کر وہاں پہنچ گئے اور بتایا کہ یہ ہیں وہ کلرک صاحب جن کا واقعہ ہے۔ میں نے

تصدیق کرنے کے بعد کلرک صاحب سے کہا کہ آپ محفل کے اختتام پر کھڑے ہو کر اپنا واقعہ خود سنائیں تو انہوں نے اوپر والا واقعہ سنا دیا۔

والحمد للہ رب العالمین ،اللھم صل و سلم و بارک علی النبی المختار سید الابرار و علی آلہ و اصحابہ الی یوم القرار.

ابوسعید محمد امین غفرلہ

محمد پورہ، فیصل آباد

۳ صفر المظفر ۱۴۲۶ھ

# اعلان

**مندرجہ ذیل کتب:** بی، سی ٹاور سے حاصل کریں اور پڑھ کر اپنا ایمان مضبوط کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آب کوثر | جمالِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | بے ادبی کا وبال | عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | نظر بد | دو جہاں کی نعمتیں |
| عذاب الٰہی کے محرکات | مستقبل | شفاعت | اُمت کی خیر خواہی | صراطِ مستقیم | |
| اسلام میں شراب کی حیثیت | فیضانِ نظر | عظمت نام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | عورت کا مقام | سنت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم | |
| حقوق العباد | شیطان کے ہتھکنڈے | انتباہ | میلاد سید المُرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | شانِ محبوبی کے پھول | |

## درود پاک پریشانیوں کا علاج اور بخشش کا بہترین ذریعہ ہے

حضرت سیدنا ابیؓ ابن کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم اگر میں اپنے ذکر واذکار اور دعاء کا سارا وقت درود پاک پڑھنے میں ہی گزاروں تو کیسا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "اگر تو ایسا کرلے تو تیرے سارے کام سنور جائیں گے۔ اور تیرے سب گناہ بخش دیئے جائیں گے۔" (رواہ الترمذی)

دکھوں مصیبتوں اور پریشانیوں سے نجات اور محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فروغ کے لیے درود پاک کی کثرت کیجئے اور 12 ربیع الاول کی سہانی صبح اپنے کریم آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں درود پاک کا گلدستہ پیش کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ درود پاک پڑھ کر ہمارے پاس جمع کروائیں۔

درود پاک جمع کروانے کے لیئے اس نمبر پر SMS کریں **0324-9101192**

یا ہماری ویب سائٹ کے ذریعے Online جمع کروائیے **www.tablighulislam.com**


ناشر

# تحریک تبلیغ الاسلام انٹرنیشنل

سیکنڈ فلور بی، سی ٹاور 54
جناح کالونی فیصل آباد
+92-41-2602292
www.tablighulislam.com



البغداد پرنٹرز مصطفیٰ آباد سرگودھا روڈ فیصل آباد
041-8788807